© rasailojaraid.com



## بابُ التقریظ والانتقاد

# رسالہ صاحبیہ

## (شہزادی جہاں آرا بیگم کی ایک نادر تصنیف)

از جناب ڈاکٹر آغا یمین صاحب گورنمنٹ کالج لاہور

(۲)

حقیقت یہ ہے کہ جہاں آرا بیگم ان مغل شہزادیوں کی صف اول میں شمار ہوتی ہیں جنھوں نے تمام عمر غیر شادی شدہ رہ کر پاکیزگی اور عبادت و ریاضت میں زندگی بسر کی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریر میں عفت اور تقدس کی روح جھلکتی محسوس ہوتی ہے۔ اگر ان کی فارسی نثر نگاری کا اسلوبِ بیان دیکھنا ہو تو "رسالہ صاحبیہ" کے اصل فارسی خطی نسخے کے دیباچے بعنوان "ہوالفرد" کی مندرجہ ذیل عبارت ملاحظہ کیجیے:

"امابعد۔ این رسالہ ایست کہ فقیرہ وضعیفہ وحقیرہ ونحیفہ و خادمہ اولیا اللہ ومعتقد فقراء باب اللہ، جہاں آرا بنت شاہ جہاں بادشاہ غفراللہ ذنوبہا وستر عیوبہا جملی از احوال سعادت اشتمال حضرت ولایت پناہ، ہدایت وارشاد دستگاہ، سرورِ عارفانِ زمان، مفخرِ محققانِ دوران، واقفِ رموزِ اسرار



© rasailojaraid.com